| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 28-09-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔بلوچستان کے مسئلے کو مذاکرات سے حل کرنے کی کوشش کرینگے،وزیراعظم | سینچری ودیگراخبارات |
| 2۔حکومت امدادی سرگرمیوں کی شفافیت یقینی بنارہی ہے،قائمقام گورنر بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 3۔حکومت میں سب کو حصہ دار بنانا چاہتے ہیں،وزیراعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 4۔حب کی طرح لسبیلہ کے عوام کی بھی خدمت کرینگے،سردار صالح بھوتانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 5۔بلوچستان میں تعلیم کے فروغ کیلئے انقلابی اقدامات اُٹھارہے ہیں،نصیب اللہ مری | جنگ ودیگراخبارات |
| 6۔سیلاب متاثرین کی بحالی دُنیا کے بغیر ناممکن ہے،محمد خان طوراتمانخیل | انتخاب ودیگراخبارات |
| 7۔ریکوڈک نئے معاہدے سے تاریخی سرمایہ کاری اصل فائدہ بلوچستان کو ہوگا،چیف سیکرٹری | جنگ ودیگراخبارات |
| 8۔زندہ اقوام قدرتی آفات کا مقابلہ صبروتحمل سے کرتی ہیں،فرح عظیم شاہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 9۔ پولیس کو جدید آلات وہتھیاروں سے لیس کررہے ہیں،عبدالخالق شیخ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10۔حکومت بلوچستان نے سرکاری ملازمت کیلئے عمر کی حد 43 سال مقرر کردی | جنگ ودیگراخبارات |
| 11۔سیلاب متاثرہ کسانوں کے قرضے معاف کرنے کی سفارش،سینیٹ قائمہ کمیٹی اجلاس | مشرق ودیگراخبارات |
| 12۔عوام کو سستا آٹا فراہم کرنے کیلئے صوبہ بھر میں سٹالز لگائے جارہے ہیں،صوبائی وزیرخوراک | جنگ ودیگراخبارات |
| 13۔سیلاب متاثرین راشن،خیموں سمیت ضروری سامان کی تقسیم کا سلسلہ جاری | جنگ ودیگراخبارات |
| 14۔بلوچستان کے متعدد علاقوں میں سیلاب متاثرین کھلے آسمان تلے رہنے پر مجبور وبائی امراض سے ہلاکتوں میں اضافہ | مشرق ودیگراخبارات |
| 15۔لاپتہ افراد کمیشن کے چیئرمین جسٹس جاوید اقبال کو برطرف کیا جائے،سینیٹ میں قرارداد جمع | انتخاب ودیگراخبارات |
| 16۔بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک روزہ وقفے کے بعد آج سہ پہر 3 بجے ہوگا | 92ودیگراخبارات |
| 17۔بلوچستان کو آفت زدہ قرار زمینداروں کو ریلیف دیا جائے،اختر مینگل | جنگ ودیگراخبارات |
| 18۔قومی خزانے پر چوروں اور لٹیروں کا ٹولہ قابض ہے،مولانا لونی | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

لورالائی قتل کے مقدمے میں ملوث ملزم گرفتار،میر احمد خان روڈ سے موٹرسائیکل چوری ہوگئی،مستونگ،چیک پوسٹ پر دستی بم حملہ ایک اہلکار زخمی،خوست دھرنا کمیٹی کے زیراہتمام آج بلوچستان اسمبلی کے سامنے احتجاج کیا جائیگا۔

## عوامی مسائل

کروڑوں روپے ملنے کے باوجود صحبت پور کے متاثرین کے حالات جوں کے توں،اوستہ محمد میں ملیریا اور مضرصحت پانی کے استعمال سے انسانی جانیں ضائع ہونے کا اندیشہ،دالبندین کمیٹی کی من مانی مہنگائی کا ریلا ہر شے غریب کی دسترس سے باہر،کوئٹہ پارکس میں تفریح کیلئے آنے والوں کو لوٹنے کا سلسلہ جاری۔

**مورخہ 29-09-2022**

**اداریہ**

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے " **امراض کا پھیلاؤ روکنے کی خوش آئند کوششیں** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان سمیت ملک بھر میں سیلابی تباہ کاریاں بھلا کس سے پوشیدہ ہیں ایک طرف جہاں تباہ کن بارشوں اور سیلاب سے ملک میں ساڑھے تین کروڑ سے زائد لوگ متاثر اور بے گھر ہوئے اور انفراسٹرکچر کو غیر معمولی نقصان پہنچا وہاں اب تک پتہ نہیں موسمیاتی تبدیلی یا جس بھی وجہ سے ہو لیکن امراض کے پھیلاؤ میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے جبھی تو اس بات کی ضرورت زور پکڑ رہی ہے کہ سیلاب متاثرہ علاقوں میں امراض کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے اقدامات اُٹھائے جائیں امراض کا پھیلاؤ اس وقت تیزی سے جاری ہے اور تشویش اور پریشانی کی بات یہ ہے کہ موسمی بیماریوں کے ساتھ ساتھ موذی اور متعددی امراض کا بھی پھیلاؤ جاری ہے ہمیں اُمید ہے کہ متعدی امراض کو روکنے کیلئے وفاقی اور صوبائی حکومتیں مربوط اقدامات کا سلسلہ جاری رکھیں گی۔ سردست بات کرتے ہیں کوئٹہ میں گزشتہ روز منعقدہ ایک اجلاس کی جس کا مقصد صوبائی دارالحکومت میں ٹائیفائیڈ اور دیگر امراض سے بچاؤ کی خصوصی مہم کے انتظامات کا جائزہ لینا تھا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ کی زیر صدارت منعقدہ اس اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کوئٹہ سمیت دیگر محکموں کے افسران، نمائندوں اور علمائے کرام سمیت دیگر اسٹیک ہولڈر نے شرکت کی۔ اس موقع پر اجلاس کے شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ کوئٹہ کہ انتالیس یونین کونسلوں میں ٹائیفائیڈ سے بچاؤ کی خصوصی مہم تین اکتوبر سے شروع ہوگی جو کہ پندرہ اکتوبر تک جاری رہے گی اس ضمن میں وفاقی حکومت کو صوبوں کے ساتھ زیادہ سے زیادہ معاونت کرنی چاہیئے کہ یہ وقت کی ضرورت بھی ہے اور حالات کا ایک ایسا تقاضہ بھی جس سے اغماض برتنے کی کوئی گنجائش نہیں انشاء اللہ جلد ہی ہم اس بحرانی کیفیت سے نکل آئیں گے سیلاب متاثرین کی بحالی اور متاثرہ علاقوں کی تعمیر نو کا عمل جلد مکمل ہوگا۔

**اداریہ**

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**ہیلی کاپٹر حادثے میں فوج کے 6افسروں اور جوانوں کی شہادت** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "Challenges facing flood affectees" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے " Parliamentary Nomenclature " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**سیلابی تباہ کاریوں کے بعد بلوچستان میں زرعی شعبے کی بحالی اور فوڈ سیکورٹی سے متعلق خصوصی اقدامات کی ضرورت** " کے عنوان سے افضل مغل کا انٹرویو شائع کیا۔

روزنامہ 92 کوئٹہ نے " **کابینہ میں ردوبدل پر چھوٹی جماعتوں کے تحفظات** " کے عنوان سے خلیل احمد کا مضمون شائع کیا۔

برائے **ڈائریکٹر جنرل**

**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 1

Dated: 29 SEP 2022 Page No. 1

# بلوچستان کے مسئلے کو مذاکرات سے حل کرنے کی کوشش کرینگے: وزیراعظم

## عوام پر مہنگائی کا بوجھ ڈالنے پر افسوس، ذمہ دار ہم نہیں: وفاقی کابینہ سے خطاب، صدر علوی سے ملاقات، سعودی ولی عہد کو مبارکباد

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی، مانیٹرنگ ڈیسک، ایجنسیاں) وفاقی کابینہ نے تین لاکھ میٹرک ٹن یوریا درآمد کرنے اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے جامع لائحہ عمل کی منظوری دے

(باقی صفحہ 5 نمبر 20)

## لاپتہ افراد کا مسئلہ حساس، سیلاب کی تباہی سے مسائل پیدا ہوئے: شہباز شریف، سردار اختر مینگل، وفاقی وزیر آغا حسن بلوچ سے ملاقات

اسلام آباد (پ ر) وزیراعظم میاں شہباز شریف سے بلوچستان نیشنل

(باقی صفحہ 5 نمبر 21)

پارٹی کے قائد مرکزی صدر سردار اختر جان مینگل نے ملاقات کی اس موقع پر پارٹی قائد سردار اختر جان مینگل کو وزیراعظم میاں شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناءاللہ وفاقی وزیر ریلوے سعد رفیق اور ن لیگی قیادت نے یقین دہانی کرائی کہ موجودہ حکومت بلوچستان کے مسئلے کو گفتگو و شنید اور مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کی کوششیں کرے گی ملاقات میں لاپتہ افراد کی بازیابی سیلابی نقصانات سمیت سیاسی و سماجی مسائل سے متعلق تفصیل کے ساتھ بات چیت کی گئی ملاقات میں کہا گیا کہ لاپتہ افراد کا مسئلہ احساس ہے لواحقین کی مشکلات سے بخوبی آگاہ ہیں ملاقات میں حالیہ بارشوں سے سیلاب سے ہونے والی تباہی سے متعلق بھی تفصیل کے ساتھ بات چیت کی گئی اور کہا گیا ہے کہ حالیہ بارشوں نے بلوچستان میں زراعت انفراسٹرکچر کو تباہی اور سماجی مسائل پیدا کر دیئے ہیں لوگ کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں بلوچستان نیشنل پارٹی کے قائد سردار اختر جان مینگل نے وزیراعظم کی توجہ اس جانب مبذول کرائی کہ امدادی کارروائیوں کو بلوچستان میں مزید تیز کرنے کی ضرورت ہے نصیرآباد ڈویژن سمیت بلوچستان کے جن جن علاقوں میں تباہی ہوئی ہے حکومت کی اولین ترجیح یہی ہونی چاہئے کہ وہ عوام کو مشکلات حالات میں ریلیف دیں اب تو لوگ کھلے آسمان تلے سماجی مسائل کا شکار ہیں ملاقات میں کہا گیا ہے کہ جو جانی و مالی نقصانات ہوئے ہیں آج حکومت غیور بلوچستانیوں کی دوبارہ آبادکاری کیلئے فوری اقدامات کرے اس موقع پر پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی آغا حسن بلوچ وفاقی وزیر مملکت توانائی حاجی ہاشم نوتیزئی مرکزی رہنما ایم پی اے ثنا بلوچ بھی موجود تھے پارٹی قائد نے وزیراعظم سے کہا کہ بلوچستان کے زمیندار جو معاشی تنگ دستی کا سامنا کر رہے ہیں کھڑی فصلیں تباہ ہو چکی ہیں بلوچستان کے علاقوں کو آفت زدہ قرار دینے کے ساتھ ساتھ زمینداروں کو بلوں سے ریلیف دیا جائے کیونکہ زمینداروں کو حالیہ بارشوں سے کافی نقصان پہنچا ہے یقیناً ان حالات میں زمیندار اس پوزیشن میں نہیں کہ وہ بجلی کے بل ادا کر سکیں اس متعلق وزیراعظم نے کمیٹی تشکیل دی جو مرکزی قیادت اور وفاقی وزراء پر مشتمل ہے جو درج بالا مسائل کے حوالے سے آج پھر پارٹی قائد سردار اختر جان مینگل و دیگر اکابرین سے ملاقات کریں گے اور بلوچستان کے مسئلے کے حل کیلئے تفصیلاً گفتگو کی جائے گی ملاقات میں اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ لاپتہ افراد کی بازیابی سمیت بلوچستان کے جملہ مسائل پر ٹھوس حکومت اقدامات کرے گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 29 SEP 2022 Page No. 2


## جمعیت اور بی این پی اپنا فیصلہ ملکر کرینگے

# حکومت میں سب حصہ دار بننا چاہتے ہیں، وزیراعلیٰ بزنجو

**کوئٹہ میں میوزیم کے قیام کا مقصد تاریخی اشیاء کو محفوظ اور لوگوں کو تاریخ سے آگاہ کرنا ہے، افتتاح کے موقع پر گفتگو، ناقص تعمیر پر اظہار برہمی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر/خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ چاہتے ہیں حکومت میں سب حصہ دار ہوں اور چیزیں آرام سے آگے بڑھیں، کوئٹہ میں میوزیم کے قیام کا مقصد بلوچستان کی تاریخی اشیاء کو محفوظ اور لوگوں کو تاریخ سے آگاہ کرنا ہے، یہ بات انہوں نے بدھ کی شام بلوچستان یونیورسٹی میں میوزیم کے افتتاح کے موقع پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، قبل ازیں وزیراعلیٰ نے میوزیم کے مختلف حصوں کا معائنہ بھی کیا، اس موقع پر صوبائی وزراء سردار عبدالرحمٰن کھیتران، عبدالخالق ہزارہ، صوبائی مشیر داخلہ ضیاء لانگو، پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور خلیل جارج و دیگر بھی ان کے ہمراہ تھے، صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ کوئٹہ میں اس سے پہلے کوئی میوزیم نہیں تھا، ملک کے دیگر علاقوں میں موجود بلوچستان کے نوادرات یہاں لاکر محفوظ کیے جائیں گے، کوئٹہ میں میوزیم کے قیام کا مقصد لوگوں کو ان کی تاریخ سے آگاہ کرنا ہے، صوبائی وزیر سی اینڈ ڈبلیو کو ہدایت کی ہے کہ میوزیم کو مزید بہتر سے بہتر بنانے کیلئے اقدامات کیے جائیں تاکہ اگر کوئی کمی ہے تو اس کو بھی دور کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر، تربت سمیت دیگر علاقوں میں بھی میوزیم قائم ہیں صوبے کے دیگر اضلاع میں بھی موزیم بنائے جائیں گے، ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کی تاریخی اشیاء کو محفوظ کیا جائے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ بی این پی کے سربراہ سردار اختر مینگل سے گزشتہ روز چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ میں ملاقات ہوئی جس میں بی این پی کے سربراہ نے مخلوط صوبائی حکومت میں شمولیت سے متعلق کہا کہ وہ جمعیت کے ساتھ مل کر حکومت میں شامل ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ کریں گے کیونکہ جمعیت علماء اسلام اور بی این پی اپوزیشن میں بھی ساتھ ہیں۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں ہونے والے اجلاس میں شرکت کے بعد وہ کوئٹہ پہنچے ہیں دوستوں کے ساتھ ملکر آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گے چاہتے ہیں حکومت میں سب حصہ دار ہوں اور چیزیں آرام سے آگے بڑھیں اور حکومت کو فیصلے کرنے میں مشکلات پیش نہ آئیں۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ قومیں اپنے تاریخی ورثہ کی حفاظت کرتی ہیں، بلوچستان میں قدیم تہذیبوں کے آثار ملتے ہیں صوبے کی قدیم تہذیب یہاں کے تاریخی تہذیب و تمدن اور طرز زندگی کو نمایاں کرتی ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے سریاب روڈ پر مہرگڑھ میوزیم کوئٹہ کے افتتاح کے موقع پر کیا۔ صوبائی وزراء عبدالخالق ہزارہ، سردار عبدالرحمان کھیتران، پارلیمانی سیکرٹری خلیل جارج، اراکین صوبائی اسمبلی مٹھا خان کاکڑ، اصغر خان ترین اور نصراللہ خان زیرے سمیت سیکرٹری کلچر بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ مہرگڑھ کی تہذیب دنیا کی قدیم ترین تہذیبوں میں شمار کی جاتی ہے جو 9000 سال پرانی ہے صوبے میں میوزیمز تعمیر کرنے کا مقصد قدیم ورثے اور تاریخی نوادرات کو محفوظ بنانا ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت تمام ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میوزیمز کے تعمیراتی منصوبوں پر کام کر رہی ہے اور آثار قدیمہ کو تحفظ کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے انہوں نے اس موقع پر میوزیم کی ناقص تعمیر پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ منصوبے کی تعمیر میں ہونے والے نقائص دور کیے جائے انہوں نے اس موقع پر میوزیم کے مختلف حصوں کا معائنہ بھی کیا اور وہاں موجود قدیم نوادرات بھی دیکھی انہوں نے کہ عوام بھی اس میوزیم کا دورہ کریں تاکہ عوام صوبے کے تاریخی ورثے اور انمول نوادرات سے روشناس ہو سکیں۔


Balochistan Time Quetta


# Living nations protect their heritage: CM


**Staff Report**


**QUETTA**: Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo has said that nations protect their heritage. Traces of ancient civilizations are found in Balochistan, the ancient civilization of the province highlights the historical civilization and lifestyle here.

He said this on the occasion of the inauguration of Mehrgarh Museum Quetta. Provincial Sports and Culture Ministers Abdul Khaliq Hazara, Sardar Abdul Rahman Khetran, Parliamentary Secretary Khalil George, Members of the Provincial Assembly Mutha Khan Kakar, Asghar Khan Tareen and Nasrullah Khan Zere along with Secretary Culture were also present on this occasion. The chief minister said that Mehrgarh civilization is considered as one of the oldest civilizations in the world which is 9000 years old. The purpose of building museums in the province is to preserve ancient heritage and historical artifacts.

سینیٹ قائمہ کمیٹی کا اجلاس

# سیلاب متاثرہ کسانوں کے قرضے معاف کرنے کی سفارش

## سندھ بلوچستان میں گندم کی کاشت 100 فیصد متاثر، کپاس اور کھجور کی فصل تباہ، اچھا بیج تک دستیاب نہیں، یوریا فیکٹریوں سے گیس سبسڈی واپس لی جائے، وفاقی وزیر بشیر چیمہ

### افغانستان کا گندم کا مکمل انحصار پاکستان پر ہے اس سال 4.5 ارب کا آئل سیڈ درآمد کیا اگلے سال یہ 6 ارب تک پہنچ جائے گا، گندم کی سمگلنگ کے معاملہ پر خصوصی بریفنگ طلب

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے نیشنل فوڈ سکیورٹی نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں کسانوں کے قرضوں کو معاف کرنے کی سفارش کردی کمیٹی نے وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی کے حکام کو ہدایت کی کہ وہ متعلقہ محکموں کے ساتھ ملکر گندم کی سمگلنگ کی روک تھام کیلئے اقدامات کریں کمیٹی نے وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی سے گندم کی سمگلنگ کے معاملہ پر خصوصی بریفنگ طلب کی کمیٹی کو بتایا گیا کہ افغانستان کا مکمل گندم کا انحصار پاکستان پر ہے خیبر پختونخوا کو 10 لاکھ ٹن گندم خرید کردی گئی ہے اس سال 4.5 ارب کا آئل سیڈ درآمد ہوا اگلے سال یہ 6 ارب تک پہنچ جائے گا، سندھ میں سیلاب اور بارشوں سے کاٹن کی فصل کے علاوہ کھجور بھی 100 فی صد تباہ ہوچکی ہے کمیٹی کا اجلاس سینیٹر مظفر حسین شاہ کی صدارت میں منعقد ہوا وزیر نیشنل فوڈ سکیورٹی طارق بشیر چیمہ نے کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ افغانستان کا مکمل گندم کا انحصار پاکستان پر ہے خیبر پختونخوا کو 10 لاکھ ٹن گندم خرید کردی ہم نے کہا کہ یوریا فیکٹریوں کی سبسڈی پر گیس بند کی جائے۔ اور کسان کو براہ راست کھاد پر سبسڈی دی جائے 4.5 ارب کا آئل سیڈ درآمد ہوا اگلے سال یہ 6 ارب پر پہنچ جائے گا کاٹن کا اچھا بیج دستیاب نہیں ریسرچ کیلئے 1 فیصد بھی پیسہ نہیں رکھا جاتا کپاس کے بیج کیلئے انٹرنیشنل کمپنیوں سے بات کر رہے ہیں کمیٹی اراکین نے کی آٹے کی بڑھتی ہوئی قیمتوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی کی قیمتیں بڑھنے پر ایکشن لے پورے ملک میں ابھی گندم کی یکساں سپورٹ پرائس پر اتفاق نہیں ہوسکا



# سیلاب متاثرین کی بحالی دنیا کی مدد کے بغیر ناممکن ہے، محمد خان طور اتمانخیل

## اگر آج پاکستان محفوظ پرامن اور ہر دشمن کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے وہ صرف فوج کی طاقت سے ہے

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر صنعت وحرفت حاجی محمد خان طور اتمان خیل نے کہا ہے کہ پوری قوم ایک جانب سیلاب میں غرق اور مشکلات سے دوچار ہے انکی بحالی دنیا کی مدد کے بغیر ناممکن ہے بلوچستان پہلے ہی افسردہ ہے جبکہ دوسرے طرف ہرنائی میں پاک فوج کے ہیلی کاپٹر حادثے میں دو میجرز سمیت چھ اہلکاروں کی شہادت پر دکھی اور پریشان ہوں فوج قوم اور ملک کے تحفظ اور دفاع کے خاطر قربانیاں اور شہادتیں دے رہے ہیں جس پر پوری قوم کو فخر ہے آج اگر پاکستان محفوظ پرامن اور ہر دشمن کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے وہ صرف فوج کی طاقت سے ممکن ہے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ ہیلی کاپٹر حادثات اگرچہ قدرت کے جانب سے اور فنی خرابی کے وجہ سے ہوتے ہیں لیکن ہمارے ان فضائی حادثات میں اہم قومی اثاثوں کا جانی نقصان ہورہا ہے جسکی کوئی تلافی ممکن نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک دشمن قوتوں کے خلاف جو آپریشن پاک فوج کررہی ہے ان پر ان حادثوں کے باوجود کوئی فرق نہیں پڑیگا کے پی کے فاٹا اور بلوچستان میں آپریشن جاری رہے گا ملک کا دفاع آج ناقابل تسخیر بن چکا ہے کوئی دشمن پاکستان کو میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل اوتھل بیلہ میں کور کمانڈر بلوچستان سمیت دیگر اہم ترین آفیسران کی شہادت ہوئی انکا دکھ اور زخم ابھی تازہ تھا کہ ہرنائی کا حادثہ رونما ہوا جس پر قوم صدمے میں ہے اور ہر محب وطن شہری اس پر افسردہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آرمی ایوی ایشن ان فضائی حادثات کی انکوائری کرے اور فنی خرابی سمیت دیگر وجوہات اور عوامل کو سامنے لائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے دلیر فوج جس بہادری کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کررہی ہے اسے پوری دنیا اور ملک میں سراہا جارہا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 29 SEP 2022 Page No. 10


## نصیر آباد میں متاثرین بدحالی کی زندگی بسر کر رہے ہیں، میر کبیر

**پریس کانفرنس میں مسائل کی نشاندہی کرینگے، ڈیرہ مراد جمالی میں گفتگو**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر میر کبیر احمد محمد شہی نے کہا ہے کہ بی جی بھاگ نازی میں سیلاب کی تباہ کاریاں دیکھ رہے ہیں مگر حکومت ہمیں کہیں نظر نہیں آرہی لوگ بے سروسامانی میں بدحالی کی زندگی بسر کر رہے ہیں ہم نصیر آباد ڈویژن میں سیلابی صورتحال کا جائزہ لینے آئے ہیں اس حوالے سے اعلیٰ حکام سے مسلسل رابطہ ہے متاثرہ علاقوں کی نشاندہی کر رہے ہیں آج ڈیرہ اللہ یار اور صحبت پور میں صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد ڈیرہ مراد جمالی میں پریس کانفرنس کے ذریعے صورتحال کی نشاندہی کرینگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیرہ مراد جمالی میں کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد اسلم بلوچ، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری عبدالرسول بلوچ، نصیر آباد کے ریجنل سیکرٹری میران بلوچ بھی ان کے ہمراہ تھے اس موقع پر این پی نصیر آباد کے صدر جاگن خان مغیری نے قائدین کے اعزاز میں ٹی پارٹی دی جس میں کارکنوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی کارکنوں نے سیلاب سے متعلق مسائل سے قائدین کو آگاہ کیا اسلم بلوچ نے کہا کہ مجھے تعجب ہے کہ سیاسی نمائندوں کے ساتھ ان کے بھائی اور رشتہ دار بھی لوٹ مار میں مصروف ہیں مگر پارٹی ایسی ناانصافی برداشت نہیں کریگی۔ دوریں اثناء میر کبیر کے اعزاز میں سردار چنگیز خان ساسولی کے پی اے شہزاد ساسولی نے پرتکلف ٹی پارٹی دی جس میں فضل الرحمن محمد حسنی محمد اسماعیل ساسولی، محمد یعقوب مینگل، میر محمد مراد ساسولی، حاجی اللہ داد ساسولی، غلام رسول ساسولی، غلام قادر عمرانی سمیت دیگر نے شرکت کی۔

## پانی کی اہمیت اور ضرورت کو سمجھنے کی ضرورت ہے، کریم نوشیروانی

**تقریب میں گفتگو، جوہدائے قلات میں کئی ماہ سے بند واٹر سپلائی کو بحال کروا دیا**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنماء و سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی نے کہا ہے کہ پانی اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے انسان کو اس کی اہمیت اور ضرورت اس وقت سمجھ میں آتی ہے جب پیاس کی شدت اس کو بے چین و بے قرار کر دے، تب اسے ایک گھونٹ پانی کی قدر کا احساس ہوگا اور سمجھ میں آئے گا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی کیسی عظیم الشان نعمت ہے کہ جس کے بغیر دنیا میں زندہ رہنا مشکل ہے، وہ گزشتہ روز جوہدائے قلات کے واٹر سپلائی کے افتتاح کے موقع پر گفتگو کر رہے تھے۔ جوہدائے قلات کی واٹر سپلائی کئی مہینوں سے بند تھی، علاقے کے لوگ پانی کیلئے کافی پریشان تھے جوہدائے قلات کے عوام نے میر جان محمد کی سربراہی میں میر عبدالکریم نوشیروانی سے بند واٹر سپلائی کو بحال کرنے کی درخواست کی جس پر انہوں نے اپنی جیب سے ایک نیا سمر سیبل دے کر باقاعدہ واٹر سپلائی کو شروع کروایا، میر جان محمد اور علاقے کے لوگوں نے میر عبدالکریم نوشیروانی کا شکریہ ادا کیا، اس موقع پر ان کے ہمراہ سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی خاران میر نورالدین نوشیروانی، حاجی نور احمد ملازئی میر امجد خان ملازئی میر نصر اللہ سیاپاد حافظ محمد علی کبدانی حاجی جمعہ خان سفرزئی مختیار احمد کبدانی مولوی اللہ داد سردار مہراب سیاپاد مختیار احمد سفرزئی عبداللہ بادینی سلال نوشیروانی چراغ نوشیروانی ہمراہ تھے۔

## نواب زہری کی فریال تالپور سے ملاقات، بلوچستان میں سیلاب کی صورتحال پر بریفنگ

**بارشوں اور سیلاب سے بلوچستان اور سندھ شدید متاثر ہوئے، مل جل کر کام کرنا ہوگا، مرکزی صدر شعبہ خواتین**

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی شعبہ خواتین کی مرکزی صدر رکن سندھ اسمبلی فریال تالپور سے سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ زہری، بلوچستان کے سابق صدر حاجی علی مدد جتک نے ملاقات کی، ملاقات میں نواب ثناء اللہ زہری اور حاجی علی مدد جتک کی جانب سے بلوچستان میں سیلاب کی صورتحال پر بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے فریال تالپور نے کہا کہ حالیہ غیر معمولی بارشوں اور سیلاب سے بلوچستان اور سندھ شدید متاثر ہوئے ہیں اس مشکل امتحان میں وفاق، صوبائی حکومتوں، متعلقہ اداروں اور جماعتوں کو مل جل کر کام کرنا ہوگا۔ ملاقات میں سابق وزیر داخلہ سندھ سہیل انور سیال بھی موجود تھے۔

## ریاستی اداروں کی توقیر و تکریم پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، بی اے پی

**ون پوائنٹ ایجنڈے کی مشترکہ سوچ کے فروغ اور اسکی تکمیل ممکن بنانے کیلئے اقدامات کیے جائیں، چوہدری شبیر**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان عوامی پارٹی کے سابق سیکرٹری اطلاعات و ترجمان چوہدری شبیر نے کہا ہے کہ قومیں بلاامتیاز عدل و انصاف، وسائل کی منصفانہ تقسیم، قیادت کی قوم سے وفاداری، رواداری اور قربانی کے جذبے سے بنتی ہیں، یہ بات انہوں نے پارٹی کے مختلف وفود سے بات چیت میں کہی، انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش حالات تقاضا کرتے ہیں کہ اقتدار کی رسہ کشی، ذاتی مفادات کے حصول سے اجتناب کیا اور ملک وقوم کے مفاد میں سب سے پہلے پاکستان کے ون پوائنٹ ایجنڈے کی مشترکہ سوچ کے فروغ اور اسکی تکمیل کو ممکن بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں، انہوں نے کہا کہ ریاستی اداروں کی توقیر و تکریم پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے کیونکہ مضبوط آئینی ادارے ہی ریاست کی بقا کی ضمانت ہیں، ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ تمام ریاستی ادارے آئینی حدود میں رہتے ہوئے اپنا کردار ادا کریں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 29 SEP 2022 Page No. 11


## خوست دھرنا کمیٹی کے زیر اہتمام آج بلوچستان اسمبلی کے سامنے احتجاج کیا جائیگا

**مطالبات پر اب تک عمل درآمد نہ ہونا باعث تشویش ہے، مابت کاکا کی زیر صدارت اجلاس**

**حکومت اپنے اعلانات پر عمل نہیں کررہی، بیان، عوام بھرپور شرکت کریں، این ڈی ایم**

کوئٹہ (پ ر) پشتون قوم دوست وطن دوست ترقی جمہوری جماعتوں کا اجلاس اے این پی کے صوبائی دفتر باچاخان مرکز میں عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا کی صدارت میں منعقد ہوا اجلاس میں پشتون تحفظ موومنٹ کے صوبائی کوآرڈینیٹر نور باچا نیشنل ڈیموکریٹک کے مرکزی آرگنائزر ہارون خان بازئی پشتون خوا ملی عوامی پارٹی کے ضلع ایگزیکٹیو ممبر اسفندیار اے این پی کے صوبائی یوتھ سیکرٹری ثناء اللہ کاکڑ ضلعی جنرل سیکرٹری نذر علی پیر علی زئی جانی شریف ترین ناصر میانی این ڈی ایم کے رحمت خان پی ٹی ایم کے رحمت غرشین نے شرکت کی اجلاس میں عوامی نیشنل پارٹی کے فعال رکن شہید خالق داد بابڑ کی شہادت اور سانحہ خوست کے حوالے سے اب تک کی صورتحال پر تفصیلی غور و خوض ہوا اور مختلف اضلاع میں احتجاجی مظاہروں اور دوروں کی رپورٹ پیش کی گئی، اجلاس میں سانحہ خوست پرلت کمیٹی کی جانب سے پیش کیے گئے جائز اور آئینی مطالبات پر اب تک عمل درآمد نہ کرنے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ بار بار اعلیٰ حکومتی کمیٹی کی جانب سے خوست پرلت کمیٹی کے مطالبات حل کرنے کی یقین دہانی کروائی جاتی رہی ہے لیکن آج تک ان مطالبات پر عمل درآمد نہیں ہو پارہا جس سے ضلع ہرنائی کے عوام میں غم و غصہ و بے چینی بڑھتی جارہی ہے جو بے حسی غیر سنجیدگی کی انتہا اور قابل مذمت عمل ہے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آج 29 ستمبر کو سہ پہر ایک بجے خوست سانحہ اور شہید خالق داد بابڑ کے شہادت کے خلاف میٹرو پولیٹن کے سبزہ زار سے صوبائی اسمبلی تک احتجاجی ریلی نکالی جائیگی اور اسمبلی کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جائیگا اجلاس میں کوئٹہ کے باشعور عوام سیاسی کارکنوں طالب علموں سول سوسائٹی وکلاء برادری تاجر برادری تمام مکاتب سے تعلق رکھنے والے افراد سے اپیل کی گئی کہ وہ آج کے احتجاجی مظاہرے میں بھرپور شرکت کرکے قوم دوستی وطن دوستی کا ثبوت دیں۔

ہرنائی (نامہ نگار) خوست دھرنا کمیٹی کے زیر اہتمام آج 3 بجے کوئٹہ میں ضلع ہرنائی، خوست کے عوام کے مطالبات کی حق میں اور اس سلسلے میں فوری حکومتی احکامات کی اجراء کیلئے صوبائی اسمبلی کے سامنے دھرنا اور احتجاج کیا جائیگا۔ تمام جمہوری سیاسی پارٹیوں، سیاسی کارکنوں، نوجوانوں اور عوام سے اسمبلی کے سامنے دھرنے اور احتجاج میں شرکت کی اپیل کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ریاستی اداروں اور فورسز کے غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر انسانی اقدامات اور طرز عمل کی وجہ سے ضلع ہرنائی کے عوام، تاجر، کول مائنز اونرز، مزدور، سرکاری ملازم، سیاسی کارکن سمیت ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد بدترین اذیت سے دوچار ہیں۔ دھرنا کمیٹی نے عوام کی نمائندگی سے ہر فورم پر عوامی مطالبات کو برحق اور آئینی و قانونی ثابت کیا ہے اور حکومتی مذاکراتی کمیٹی نے بھی عوامی دھرنا میں آکر مطالبات کو تسلیم کرکے احکامات جاری کرنے کا اعلان کیا لیکن اس سلسلے میں احکامات جاری نہیں کئے جارہے۔ دریں اثناء نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے بیان میں پارٹی کارکنوں کو تاکید اور عوام و شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ خوست دھرنا کمیٹی کے زیر اہتمام آج 29 ستمبر کو کوئٹہ میں صوبائی اسمبلی کے سامنے دھرنا اور احتجاج میں بھرپور شرکت کرکے ریاستی اداروں اور حکومتی فورسز کی جانب سے ضلع ہرنائی، خوست میں نوجوان سیاسی کارکن خالق داد بابڑ کی شہادت اور دیگر کو زخمی کرنے اور ریاستی اداروں کی سرپرستی میں جاری بھتہ خوری، خوف و ہراس اور عوامی آبادی کے اندر فورسز کے مورچوں و کیمپوں کے ذریعے دہشت پھیلانے کیخلاف جمہوری آواز بلند کریں۔ بیان میں کہا گیا کہ نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کا روز اول سے ضلع ہرنائی کے عوام کی جمہوری تحریک میں رہنما کردار ہے۔

## مستونگ، چیک پوسٹ پر دستی بم حملہ، ایک اہلکار زخمی

مستونگ (نامہ نگار) مستونگ قومی شاہراہ پر کیڈٹ کالج کراس پر قائم چیک پوسٹ پر نامعلوم افراد نے ہینڈ گرنیڈ سے حملہ کیا جس سے ایک اہلکار زخمی ہوا جسے شہید نواب غوث بخش میموریل ہسپتال مستونگ منتقل کردیا گیا تاہم حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔

## 16 کروڑ روپے کا غیر ملکی سامان برآمد کیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کسٹم فیلڈ انفورسمنٹ یونٹ چمن نے ستمبر کے دوران 16 کروڑ روپے مالیت کا غیر ملکی سامان برآمد کرکے قبضے میں لے لیا ذرائع کے مطابق کسٹم نے پاکستان آرمی کے تعاون سے مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے تمباکو، ایل ای ڈی، اسپیکر، اسپیئر پارٹس، مختلف برانڈ کے سگریٹ، ٹائرز، لیپ ٹاپ، ویلڈنگ راڈز، چھالیہ، انڈین ادویات، شیشے میں پینے والے مختلف فلیور، مضر صحت چائنیز نمک، استعمال شدہ موبائل فونز، الیکٹرک ہیٹرز اور نان کسٹم پیڈ گاڑی برآمد کی۔

## لورالائی: قتل کے مقدمے میں ملوث ملزم گرفتار

لورالائی (نامہ نگار) لورالائی پولیس نے چمالنگ میں کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ فرد میں ملزم سید محمد ولد وزیر قوم سالارزئی کاکڑ (افغان مہاجر) سکنہ شاہ کاریز کو گرفتار کرلیا، ملزم پر دیگر ساتھیوں کے ہمراہ 2 ہفتے قبل لورالائی کتوی موڑ پر فائرنگ کرکے حسن خان نامی شخص کو قتل کرنے کا مقدمہ درج ہے۔

## میر احمد خان روڈ سے موٹر سائیکل چوری ہوگئی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) میر احمد خان روڈ سے موٹر سائیکل چوری کرلی گئی تفصیلات کے مطابق میر احمد خان روڈ پر دکان کے سامنے عبدالرحمن نامی شخص نے موٹر سائیکل کھڑی کی جو نامعلوم چور لے اُڑا کر فرار ہوگئے۔


INTEKHAB QUETTA


## ساکران پولیس کی کارروائی 5 مختلف مقدمات میں مطلوب مفرور اشتہاری ملزم گرفتار

حب (نمائندہ انتخاب) ساکران پولیس کی کارروائی 5 مختلف مقدمات میں مطلوب مفرور اشتہاری ملزم گرفتار کرکے مزید تحقیقات شروع کردی اس حوالے سے بتایا جاتا ہے ایس ایس پی لسبیلہ دوستین دشتی کی ہدایت


بقیہ نمبر 68 صفحہ 7 پر


کی روشنی میں SHO ساکران نبی بخش رند نے دیگر پولیس نفری کے ہمراہ گزشتہ روز ساکران گوٹھ کے قریب بھوٹانی ہوٹل پر کارروائی کرتے ہوئے 5 مختلف مقدمات میں مطلوب مفرور اشتہاری ملزم محمد تنبل ساکن محمد خان غارانی گوٹھ ساکران کو گرفتار کر کے زیر حراست ملزم سے مزید تحقیقات شروع کردی اس حوالے سے SHO ساکران کا کہنا ہے کہ ساکران کی امن امان کو برقرار رکھنا اولین ترجیح ہے ساکران کی امن امان میں خلل ڈالنے کی کسی کو اجازت نہیں دینگے جرائم پیشہ افراد کے خلاف ساکران پولیس کی جانب سے کارروائیاں بدستور جاری ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 29 SEP 2022 Page No. 12

# کروڑوں روپے ملنے کے باوجود صحبت پور کے متاثرین کے حالات جوں کے توں

**مصیبت زدہ لوگوں کی اکثریت سڑک کنارے بے یارومددگار کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں**

**ضلعی انتظامیہ اور نہ ہی فلاحی اداروں کی جانب سے متاثرین کی امداد کیلئے ٹھوس اقدامات نہیں اٹھائے جارہے**

**بارشوں کے پانی کی نکاسی نہ ہونے کی وجہ سے موذی امراض پھوٹ پڑے ہیں، طبی سہولیات کا بھی فقدان، میڈیا رپورٹ**

حمید آباد (آئی این پی) سیلاب کو گزرے ایک ماہ کا عرصہ ہو گیا سیلاب متاثرین تاحال روڈوں کے کنارے بے یارو کھلے آسمان تلے بیٹھے ہیں ضلعی انتظامیہ یا پھر فلاحی ادارے بھی بااثر لوگوں کی مدد کرنے میں مصروف عمل ہیں، میڈیا رپورٹ کے مطابق ڈسٹرکٹ صحبت پور اور جعفرآباد میں سیلاب کو گزرے ایک ماہ کا عرصہ ہو گیا اور متاثرین کی بحالی کیلئے کروڑوں روپیہ ضلعی انتظامیہ کو ملے ہیں نگران کی بحالی کیلئے ٹھوس اقدامات نہیں اٹھائے ہیں سیلاب متاثرین کی مشکلات دن بدن اضافہ ہوتا جا رہا ہے کیونکہ حقیقی سیلاب متاثرین رل گئے ہیں مگر بااثر لوگ نجر گئے ہیں کیونکہ ضلعی انتظامیہ اور فلاحی ادارے بھی بااثر لوگوں کی خدمت کرنے میں پیش پیش ہیں انکے علاوہ سیلاب متاثرین کھلے آسمان تلے تاحال امداد کے منتظر ہیں تو دوسری جانب سیلاب متاثرہ علاقوں میں ملیریا ڈائریا دست الٹی و دیگر امراض پھوٹ پڑے مگر حکومت جانب کوئی طبی کیمپ نہیں لگائے گئے سیلاب متاثرین کو عطائی ڈاکٹر حضرات دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔

# اوستہ محمد میں ملیریا اور مضر صحت پانی کے استعمال سے انسانی جانیں ضائع ہونے کا اندیشہ

**گنداخہ کے علاقوں میں ملیریا اور ہیضہ پھیلنے کی وجہ سے متعدد لوگ اسپتال تک پہنچ گئے ہیں**

**بیماریوں کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اتائی ڈاکٹروں کی چاندی، مریضوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے لگے**

اوستہ محمد (آن لائن) ملیریا بخار اور آلودہ پانی کے استعمال سے قیمتی جانیں ضائع ہو رہے ہیں تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد گنداخہ کے علاقوں میں ملیریا اور ہیضہ پھیلنے کی وجہ سے متعدد لوگ اسپتال تک پہنچ گئے نے حملہ کر دیا گزشتہ روز حاجی آصف سیلھار کی بہن میروا کے علاقے میں لعل بخش جمالی کی بیوی گردوں کی بیمار، گوٹھ غریب آباد جمالی کے زمیندار بالاچ خان سیرانی جمالی ملیریا کے سبب جان کی بازی ہار گئے، اس وقت بلوچستان اور سندھ کے علاقے گڑھی خیرو میں ملیریا گیسٹرو کی وبا پھیل گئی روزانہ کی بنیاد پر اموات ہو رہے ہیں علاقے میں ایک خوف طاری ہوئی ہے سرکاری اسپتالوں میں تو مریضوں کے لیے بیڈ تک نہیں جبکہ پرائیوٹ اسپتالوں میں ڈاکٹروں کی چاندی لگ گئی ہے ایک قدرتی آفات آئی ہوئی ہے دوسری جانب بیماری پھیلی ہوئی ہے غریبوں کے برے حال ہو گئے گنداخہ کے کئی علاقوں میں ڈاکٹر تک نہیں جاتے لوگ تڑپ رہے ہیں

92 نیوز کوئٹہ

# رہزنیاں بڑھ گئیں ضلع انتظامیہ اور پولیس غافل

**میڈیا ورکرز بھی محفوظ نہ رہے، مسلح افراد کارکن سے موبائل فون اور نقدی چھین کر فرار، ریگل پلازہ پر رہزنوں نے 5 ہزار روپے اور فون چھین لیا، محمد یاسر شاہ، روزنامہ "92 نیوز" سے گفتگو**

**صحافیوں سے وارداتیں معمول بن گئیں، ضلع انتظامیہ تحفظ میں ناکام، چیئرمین پاکستان میڈیا کونسل بلوچستان ڈاکٹر ناشناس لہڑی، صورتحال برقرار رہنے پر احتجاج کا راستہ اختیار کرنے کا انتباہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ضلع انتظامیہ اور پولیس حکام کی مبینہ عدم توجہ کے سبب کوئٹہ میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں معمول بن گئیں، گزشتہ رات جناح روڈ پر مسلح افراد میڈیا ورکر سے موبائل فون اور نقدی چھین کر باآسانی فرار ہو گئے، پاکستان میڈیا کونسل کے چیئرمین نے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے ملوث ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ کیا، تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کے مقامی اخبار سے منسلک محمد یاسر شاہ سے گزشتہ ساڑھے 9 بجے دفتر سے گھر کی طرف جانے کے دوران جناح روڈ پر مسلح افراد گن پوائنٹ پر موبائل فون اور نقدی چھین کر باآسانی فرار ہو گئے۔ محمد یاسر شاہ نے روزنامہ "92 نیوز" سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ دفتر سے کام مکمل کر کے گھر کی طرف روانہ ہوئے، ریگل پلازہ کے قریب چوک پر مسلح ڈاکو 5 ہزار روپے اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے، وہاں پر کوئی پولیس موبائل یا اہلکار موجود نہیں تھے۔ پاکستان میڈیا کونسل بلوچستان کے چیئرمین ڈاکٹر ناشناس لہڑی نے مقامی اخبار سے وابستہ میڈیا ورکر محمد یاسر شاہ کے ساتھ پیش واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ صحافیوں کے ساتھ چوری اور ڈکیتی واقعات کا رونما ہونا معمول بن گیا، ضلع انتظامیہ صحافیوں کے جان و مال کے تحفظ میں ناکام ہو چکی جس کی وجہ سے ڈاکو دیدہ دلیری کیساتھ لوٹ مار کر کے فرار ہو جاتے ہیں، پولیس حکام ذمے داریاں نبھاتے ہوئے صحافیوں کے تحفظ اور ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کو یقینی بنائیں، صورتحال برقرار رہنے پر صحافتی تنظیمیں احتجاج کا حق رکھتی ہیں۔ واضح رہے کہ جناح روڈ کوئٹہ کا پرہجوم علاقہ ہے جہاں رات گئے لوگوں کی آمد و رفت کا سلسلہ جاری رہتا ہے مگر اس طرح لوگوں کو اسلحے کے زور پر موبائل فون اور نقدی سے محروم کرنا ضلع انتظامیہ اور پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ عوامی حلقوں نے بتایا کہ جب شہر کے وسط میں لوگ لٹ رہے ہیں تو نواحی علاقوں کا اللہ ہی حافظ ہے، پولیس حکام بلند و بانگ دعوے تو کرتے ہیں مگر آئے روز اسٹریٹ کرائمز کی بڑھتی وارداتوں کی وجہ سے لوگ عدم تحفظ کا شکار ہو گئے، انہوں نے صوبائی وزیر داخلہ، آئی جی پولیس و دیگر حکام سے اسٹریٹ کرائمز میں ملوث عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کا مطالبہ کیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 29 SEP 2022 Page No. 13

## دالبندین: تیل کمیٹی کی من مانی، مہنگائی کا ریلا، ہر شے غریب کی دسترس سے باہر

**ایرانی پٹرول فی لیٹر دو سو روپے سے تجاوز کر گیا، ٹرانسپورٹروں نے کرایے بڑھا دیے، اشیا کی قیمتیں بڑھ گئیں، چینی آٹے کی اسمگلنگ جاری**

دالبندین (نامہ نگار) مہنگائی کا ریلا، ہر شے غریب عوام کی دسترس سے باہر، مقامی تیل کمیٹی کی من مانی سے ایرانی پٹرول فی لیٹر دو سو روپے سے تجاوز کر گیا، آٹا 20 کلوگرام تھیلا 26 سو روپے میں فروخت ہو رہا ہے ٹماٹر 180 تک پہنچ گیا انتظامیہ خواب خرگوش میں سو رہی ہے عوامی حلقوں نے بڑھتی ہوئی مہنگائی پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دالبندین، چاگئے، نوکنڈی، تفتان میں مہنگائی کا ریلا آ گیا ہے اس مصنوعی مہنگائی کا ذمہ دار دالبندین تیل کمیٹی ہے چاغی سمیت بلوچستان کے بیشتر سرحدی اضلاع میں لوگ پاکستانی پٹرول کی عدم فراہمی کی وجہ سے ایرانی پٹرول استعمال کرتے ہیں ایک سال سے دالبندین میں ایک نام نہاد پٹرول کمیٹی انتظامیہ کی زیر سرپرستی تشکیل دی گئی ہے آئے روز پٹرول کے نرخ بڑھا کر عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے ضلع میں جتنے بھی منی پمپ ہیں وہ تیل کمیٹی کے رحم و کرم پر چل رہے ہیں تیل کمیٹی ایک مافیا کا روپ دھار کر بیٹھی ہوئی ہے اس وقت دالبندین میں فی لیٹر ایرانی پٹرول 200 روپے میں فروخت ہو رہا ہے جس کے سبب اندرون ضلع و دیگر شہروں سے پھل اور سبزیاں لانے والے گاڑی مالکان نے بھی کرایے بڑھا کر عوام کو پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے دوسری جانب نااہل انجمن تاجران کی وجہ سے شہر سے چینی آٹا و دیگر غذائی اجناس افغانستان اسمگل ہونے کا بھی انکشاف ہوا ہے آٹا اور چینی مافیا دالبندین شہر اور ضلع کے نام پر پرمٹ کے ذریعے آٹا چینی لا کر افغانستان اسمگلنگ کرنے میں مصروف عمل ہے شہر میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 2600 روپے میں فروخت ہو رہا ہے چینی فی کلو ہول سیل ریٹ پر ایک سو روپے کلو فروخت ہو رہی ہے عوام شدید پریشانی میں مبتلا ہیں عوامی حلقوں نے صورتحال کا نوٹس لے کر کارروائی عمل میں لائی جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ پارکس میں تفریح کیلئے آنے والوں کو لوٹنے کا سلسلہ جاری

تماشائی

**عوام کو لوٹنے والے ٹھیکیداری نظام کو ختم کر کے کوئٹہ کے تمام پارکس کو متعلقہ اداروں کے سپرد کیا جائے، سماجی رہنما**

**سائیکل و موٹر سائیکل پارکنگ فیس 50 روپے اور گاڑی کی 150 روپے وصول کی جا رہی ہے، عوام تفریح سے بھی محروم**

**پارک آنے والے عوام کو انٹری ٹکٹ، جھولے کے ٹکٹ، اور کھانے پینے کی اشیا من پسند نرخوں پر فروخت کی جا رہی ہے، ناصرہ خان، نذر بریچ و دیگر**

کوئٹہ (خبر نگار سروے) ماہرین طب کے مطابق معاشی و سماجی مسائل میں گھرے لوگوں کو ذہنی سکون کے لیے پارکس کا رخ کرنا چاہیے لیکن ماہرین کے کے مشورے پر عمل کرنا بھی صوبائی دارالحکومت میں ممکن نہیں رہا تفریحی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام پارکوں کو ٹھیکیداروں کے حوالے کر دیا گیا ہے جو عوام کو سہولیات کی فراہمی کی بجائے ان کی کھال اتارنے کا کام کر رہے ہیں، عوام کو لوٹنے والے ٹھیکیداری نظام کو ختم کر کے صوبائی دارالحکومت کے تمام پارکوں کو متعلقہ اداروں کے ذریعے چلایا جائے، فاطمہ جناح پارک کا کنٹرول کنٹونمنٹ بورڈ کے سپرد کیا جائے، یہ مطالبہ صارفین کے حقوق کے لیے کام کرنے والے سماجی ورکروں نذر بریچ، گل خان نصیر، ناصرہ خان نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کیا ہے سماجی رہنماؤں کا کہنا تھا کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پہلے ہی عوام کے لئے تفریحی مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں دوسری جانب گنتی کے چند پبلک پارکس خستہ حالی بدانتظامی کا شکار ہیں گزشتہ سال سرکاری پبلک پارک عسکری کو دوبارہ فعال کیا گیا اور اسکا نام تبدیل کر کے فاطمہ جناح پبلک پارک رکھا گیا اور اسے نجی طور پر ٹھیکے پر دیدیا گیا اس کے بعد انتظامیہ کی جانب سے مانیٹر نہ کرنے کی وجہ سے ٹھیکیدار نے پارک آنے والے عوام کو انٹری ٹکٹ، پارکنگ فیس، اور کھانے پینے کی اشیاء من پسند نرخوں پر فروخت کرنا شروع کر رکھا ہے جس کی شکایت عوام کی جانب سے کی جا رہی ہے فی کس انٹری فیس 20 سے بڑھا کر 50 روپے کر دی گئی ہے جبکہ بچوں کی انٹری فیس بھی 50 روپے لی جا رہی ہے سائیکل و موٹر سائیکل پارکنگ فیس 50 روپے اور گاڑی کی 150 روپے وصول کی جا رہی ہے اس کے ساتھ پارکس کے اندر موجود انتہائی خطرناک جھولوں کے ٹکٹ بھی عام لوگوں کی قوت خرید سے باہر ہیں جبکہ پارکنگ پر گاڑیاں نہ کھڑی کرنے والے سڑک کے اطراف گاڑیاں پارک کر رہے ہیں جس سے ٹریفک جام کے مسائل بھی جنم لے رہے ہیں پارک کے اندر کینٹینز اور سٹالز پر بھی تفریح کے لئے آنیوالوں کو لوٹا جا رہا ہے پانی کی بوتل اور کولڈ ڈرنکس کے 150 روپے چاٹ 200 پاپ کارن 150 اور اسی طرح دیگر خوردنی اشیا تین گنا زائد قیمتوں پر فروخت کی جا رہی ہیں اسی طرح کے نرخ بے نظیر شہید پارک میں بھی وصول کیے جا رہے ہیں عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ٹھیکیداری نظام کو ختم کر کے سرکاری عملہ تعینات کیا جائے اور تفریح کے لیے آنیوالوں کو سہولیات اور ریلیف فراہم کی جائے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 29 SEP 2022 Page No. 15


## ہیلی کاپٹر حادثے میں فوج کے 6

## افسروں اور جوانوں کی شہادت

لسبیلہ میں فوجی ہیلی کاپٹر کے حادثے میں اس وقت کے کور کمانڈر سمیت چھ افسران اور اہلکاروں کی شہادت کے چند ہفتوں بعد ہرنائی میں ایک اور فوجی ہیلی کاپٹر گر کر تباہ ہو گیا جس میں دو افسر اور چار جوان شہید ہو گئے۔ صدر وزیراعظم بلوچستان کے وزیراعلیٰ، گورنر صوبائی وزراء نے اس حادثے پر گہرے دکھ اور رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کی قربانیوں کو شاندار خراج عقیدت پیش کیا ہے فوج کے افسروں اور جوانوں کی شہادت بلاشبہ قوم کا بہت بڑا نقصان ہے فرض کی ادائیگی میں جان کی قربانی مادر وطن کے حوالے سے ان کے جذبے کی گہرائی کی عکاسی کرتی ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام شہداء کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔


Balochistan Time Quetta


## Challenges facing flood affectees

The flood affectees in Balochistan and elsewhere in the country, particularly in Sindh are facing a number of challenges. An alarming situation currently prevails in the flood-affected areas where hundreds and thousands of flood-affected people, often forced to live under the open sky, are grappling with hunger and disease. Unfortunately, the health infrastructure is already not up to par in many urban centres of Balochistan, and rural areas in general have been extremely underserved. Some parts of Balochistan have seen inadequate investment even in primary healthcare facilities that are properly staffed and accessible to the local population. The inequality in the distribution of healthcare services comes to the fore most starkly when major road accidents occur on intercity highways and many of the injured die for want of timely medical attention. The United Nations Population Fund (UNFPA), a sexual and reproductive health agency, has painted a bleak picture of women affected by the unprecedented floods as it said that at least 650,000 pregnant women, of whom 73,000 are expected to deliver next month, in the flood-affected areas are in dire need of maternal health service. The UN agency also warned that many women and girls were at an increased risk of gender-based violence (GBV) as almost one million houses were damaged in the floods that spelled suffering for millions across Pakistan.

Agency says up to 73,000 women expected to deliver next month will need skilled birth attendants, newborn care, and support and the pregnancies and childbirth cannot wait for emergencies or natural disasters to be over as this is when a woman and baby are vulnerable and need the most care. According to the UN agency, over 1,000 health facilities were either partially or fully damaged in Sindh, whereas 198 health facilities were damaged in the affected districts in Balochistan. According to a survey by Save the Children, a UK-based charitable organization, flood affectees are defecating outside in stagnant water, which carries a high risk of spreading serious diseases like cholera and dysentery. Floods have decimated water supplies as 80pc of families had reported having not enough clean water and many people had no choice but to drink from contaminated water sources. Pakistan is now in the grip of a major health emergency and children dying from water-borne diseases and things will only get worse the longer they go on sleeping outside without shelter. It is inevitable that the authorities concerned continue supporting health facilities with the equipment and human resources to be fully operational despite the challenging humanitarian conditions.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No.

Dated: 29 SEP 2022 Page No.


# کابینہ میں ردوبدل پر چھوٹی جماعتوں کے تحفظات

## وزیر اعلیٰ بلوچستان کی اسلام آباد میں چیئر مین سینیٹ سے ان کی رہائش گاہ پر اہم ملاقات




خلیل احمد

بلوچستان میں سیاسی ہلچل تاحال برقرار ہے۔ صوبے میں جہاں نئے اتحادی کابینہ میں شمولیت کے داعی نظر آرہے ہیں وہیں چھوٹی جماعتیں اس ٹوٹتے ہوئے اتحاد کے باعث خود کو غیر محفوظ تصور کررہی ہیں۔ صوبے میں اس وقت بلوچستان عوامی پارٹی اتحادی جماعتوں کی بنائی گئی حکومت میں سب سے بڑی جماعت ہے۔ جبکہ اس اتحاد میں ایچ ڈی پی، بی این پی، عوامی جمہوری وطن پارٹی اور عوامی نیشنل پارٹی جیسی دو جماعتیں بھی اس اتحاد کو سہارا دیے ہوئے ہیں جنکی ایوان میں دو سے تین نشستیں ہیں، تاہم جیسے ہی بلوچستان کابینہ میں جمعیت علماء اسلام جیسی بڑی جماعت کو شامل کرنے کی خبریں گردش کرنے لگیں وہیں ان جماعتوں کو اپنے مستقبل سے متعلق بھی خدشات لاحق ہورہے ہیں۔ اس وقت ایچ ڈی پی کے پاس ایک بی این پی عوامی کے پاس ایک جمہوری وطن پارٹی اور عوامی نیشنل پارٹی کے پاس بھی ایک ایک وزارت موجود ہے جبکہ اے این پی کو ایک مشیر کا عہدہ بھی دستیاب ہے۔ اگر وزیر اعلیٰ بلوچستان اپنے ان کم تعداد کے اتحادیوں کی قربانی دیتے ہیں تو ان جماعتوں کے 9 ارکان کی ملی چھ جانے کے بعد میر عبدالقدوس بزنجو کو جمعیت علماء اسلام کی حکومت میں شمولیت کے بعد انہیں 11 ارکان کی حمایت حاصل ہوجائے گی جو بظاہر گھاٹے کا سودا نہیں لگ رہا ہے۔ میر عبدالقدوس بزنجو جو حکومتیں گرانے اور بنانے میں ماہر ہیں سیاسی ناقدین کے مطابق وہ اس سودے میں اپنا نقصان نہیں کریں گے۔ دوسری جانب شنید یہ ہے کہ بلوچستان نیشنل پارٹی نے بھی جمعیت علماء اسلام کے ساتھ ماضی کے نشیب وفراز کو سامنے رکھتے ہوئے مستقبل کے فیصلوں پر حتمی لائحہ عمل طے کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اگر یہ فیصلہ اپنی منزل پالیتا ہے تو 10 بی این پی کے ارکان کی حمایت بھی میر عبدالقدوس بزنجو کی جھولی میں آگرے گی۔ حالانکہ سردار اختر جان مینگل یہ کہہ چکے ہیں کہ میر عبدالقدوس بزنجو کو وزیر اعلیٰ لانے کے گناہ میں وہ براہ راست شریک نہیں۔ تاہم بالواسطہ اس وقت بھی بی این پی اور میر عبدالقدوس بزنجو کے درمیان روابط کے پل انتہائی مضبوط ہیں۔ ایسی صورت حال میں اگر وزیر اعلیٰ بلوچستان کو 9 ارکان کی قربانی کے بعد 21 ارکان کی محبتوں کا ذخیرہ سمیٹنے کا بہترین موقع ملے تو وہ اس موقع کو کسی صورت بھی ہاتھ سے



جانے نہیں دیں گے۔ دوسری جانب مرکز میں بھی بی این پی مینگل اور جمعیت علماء اسلام کی ن لیگ سے قربتیں پوشیدہ نہیں ایسی صورتحال میں جہاں مرکز کی محبتیں سمیٹنے کا یہ بہترین موقع ہوگا وہیں سیلاب زدگان کی امداد سے متعلق وفاق کے فنڈز میں اضافہ بھی ممکن ہوسکتا ہے، کیونکہ وزیر اعلیٰ بلوچستان اور ان کی کابینہ کے بھی خواہ ارکان نے متعدد مرتبہ اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ مرکز کی جانب سے دی گئی امداد صوبے کے لئے ناکافی ہے۔

حال ہی میں وزیر اعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو نے اسلام آباد میں اس حوالے سے کئی اہم ملاقاتیں کی ہیں جس میں سب سے اہم ملاقات چیئر مین سینیٹ صادق سنجرانی کی رہائش گاہ پر ہوئی جس میں وزیر اعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو چیئر مین سینیٹ صادق سنجرانی اور بی این پی مینگل کے قائد سردار اختر جان مینگل شریک تھے۔ اس ملاقات میں صوبے کے موجودہ سیاسی صورتحال کے ساتھ ساتھ جمعیت علماء اسلام کے ساتھ ہی بی این پی مینگل کو بھی حکومت میں شامل کرنے سے متعلق گفتگو ہوئی۔ سیاسی تجزیہ نگاروں کے مطابق بی این پی مینگل بھی اب جمعیت علماء اسلام کے ساتھ ہونے والی ماضی کے اتحاد کو قائم رکھتے ہوئے بلوچستان کی حکومت میں شامل ہونے پر غور کرے گی جس کیلئے بی این پی مینگل نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے کچھ مہلت بھی مانگی ہے۔ تاہم سیاسی تجزیہ نگاروں کے مطابق اگر یہ بات کھل کر سامنے آتی ہے تو پھر اس سے بلوچستان کی چھوٹی سیاسی جماعتوں کو یقینی طور پر خطرات درپیش ہوں گے۔ صوبائی حکومت میں ذرائع کے مطابق جمعیت علما اسلام فضل الرحمان کے کم از کم چار اراکین بلوچستان اسمبلی صوبائی وزرا کی حیثیت سے حلف اٹھائیں گے، اور ایسا آئندہ چند روز میں ہونے جارہا ہے۔ جے یو آئی ف کی جانب سے صوبائی وزرا کی حیثیت سے حلف اٹھانے والوں میں نواز کاکڑ، عبدالواحد صدیقی، یونس عزیز زہری اور ملک سکندر ایڈووکیٹ شامل ہوسکتے ہیں عام تاثر یہ ہے کہ وزیر اعلیٰ قدوس بزنجو سے زیادہ وزیر اعظم شہباز شریف نے صوبے میں سیلاب اور بارشوں سے متاثرہ علاقوں کے دورے کیے ہیں۔ جبکہ انہوں نے اپنے حلقے آواران کا دورہ بھی ایک لمبے عرصے کے بعد کیا۔ بلوچستان میں بدلتی ہوئی سیاسی صورت حال پر نظر رکھنے والے نظریاتی اور جماعتی اختلافات کے علاوہ صوبائی حکومت اور مختلف پارٹیوں کے اراکین اور رہنماؤں کے درمیان موجود تناؤ اور صوبے میں سیلاب کی وجہ سے تباہی کی موجودگی میں اس ممکنہ سیاسی تبدیلی کو نیک شگون نہیں سمجھتے۔

☆......☆......☆

# Four 'terrorists' of banned outfit killed in gun battle with CTD

By Saleem Shahid

QUETTA: Four suspected terrorists of the banned Jamaatul Ahrar were killed in a gun battle with a team of Counter Terrorism Department (CTD) of police in Hazar-Ganji area of the provincial capital on Tuesday.

The CTD personnel intercepted a truck, on a tip-off about drugs being smuggled to Karachi, at Gulzarabad checkpoint on the outskirts of Quetta, a CTD spokesperson said.

Instead of stopping, the men travelling in the truck opened fire on the CTD personnel, triggering an exchange of fire that continued for half an hour, leaving four terrorists dead.

Upon searching the truck, 27 kilograms of fine quality heroin was recovered from secret compartments meant to hide drugs for smuggling.

"The four terrorists killed in the gunfight belong to banned Jamaatul Ahrar," the spokesman said, adding that further investigation was in progress.

It was the second operation of the Balochistan Counter Terrorism Department against drug smugglers in the provincial capital. Two weeks ago, police and CTD personnel had conducted a joint operation in the city nullah, killing eight drug smugglers.

CTD officials said that drug money was being used by terrorist outfits.

# Delayed completion

THE construction projects in Quetta, especially those related to roads and nullahs, take a long time to complete which disturbs the daily routine of people and creates nuisance for them.

People experience overwhelming amount of dust, drive on haphazard and unpaved paths, and get stuck in traffic jams every day. Vendors complain that these troubles leave a negative impact on their businesses and decrease the number of customers.

The residents have recorded their protests time and again over such delays and the utter disregard of relevant officials towards people's problems, but the authorities concerned neither address the issues nor provide any genuine reason for the delay.

Strict action against the culprits seems to be the missing link. Sadly, the government has turned a blind eye to people's grievances.

The authorities concerned must ensure that these projects are completed within the designated time, and take action against those responsible for causing delays.

*Abdul Rahim*
Quetta

▶ **DENGUE EMERGENCY:** This is with reference to the editorial 'Dengue emergency' (Sept 14), which underscored the critical situation in the country, with dengue cases rising rapidly. Majority of dengue patients are being treated without confirmation on the basis of laboratory tests. The government should carry out fumigation drives to control dengue.
***Noor Bakhsh Saleem***
Kech

NEWS KARACHI

# LG bypolls in Balochistan end peacefully

QUETTA: Polling for the local government (LG) by-elections in four districts of Balochistan on Tuesday completed peacefully, the Election Commission of Pakistan (ECP) Spokesman Naeem Ahmed said.

The spokesman said,"Polling in 57 wards of Musakhail, Mastung, Duki and Loralai districts started at 8 a.m. and continued uninterrupted till 5 p.m." No untoward incident was reported from any part of the province, he added. The ECP had set August 28 for the by-polls in the above districts, which were called off due to floods and heavy rains.

The spokesman said polling was held in the 28 wards of four union councils of Musakhail district, six wards of two union councils of Duki district, 22 wards of four union councils of Mastung district, and one ward of Loralai district's one union council. —APP

# Three sons of Quetta surgeon shot dead

## The siblings were traveling in a car which came under fire

SYED ALI SHAH
QUETTA

Panic and shock gripped the entire city after three sons of a renowned orthopedic surgeon Nisar Achakzai were brutally put to death when unidentified persons opened fire at their motorcar in Quetta's Railways Society area.

All the three brothers were travelling in a motorcar and were on their way home after attending a wedding feast late at night.

The victims have been identified as Zarian Khan, Zarang Khan and Saidal Khan. The youngest of the three brothers was just 12-year-old.

Senior Superintendent of Police (SSP) Abdul Haq Umrani said that police reached the spot soon after the attack and the bodies were shifted to Civil Hospital Quetta.

He said that an investigation had been launched in the tragic incident and police was pursuing the case from different angles.

Parliamentary leader of the Awami National Party (ANP) in Balochistan Assembly, Asghar Khan Achakzai and others reached the hospital after the incident.

"This is a barbaric incident and the culprits need to be brought to justice for their brutality," Achakzai said.

He urged police and the provincial government to ensure the arrest of the culprits behind the attack as soon as possible.

The incident prompted Balochistan Police Chief Abdul Khaliq Sheikh to take notice of the incident.

In a statement, IGP directed the police to submit a report in this regard and arrest the culprits behind the attack. Home Minister Balochistan, Mir Ziaullah Langove also condemned the incident and directed the police to arrest those responsible.

The last rites of the victims were offered in Murda Karez, Chaman. Thousands of people attended the funeral.

Pakistan Medical Association (PMA) and Young Doctors Association (YDA) have hit out at the police for what they called their failure to protect the lives and property of the local residents.

In their separate statements, PMA and YDA made an appeal to the Chief Justice Balochistan High Court to take notice of the incident.

They warned that the doctors would go for a strike if the government failed to arrest the criminals behind the atrocity.

Police claimed that they had found important clues in the triple murder case and soon it will be shared with the media. They said that investigation was successfully underway.





PHOTOS: FILE

## LG by-polls held peacefully in four districts

QUETTA: Polling for the local government (LG) by-elections in four districts of Balochistan completed peacefully, the Election Commission of Pakistan (ECP) Spokesman Naeem Ahmed said.

The spokesman told APP that amid tight security, polling in 57 wards of Musakhail, Mastung, Duki and Loralai districts started at 8 am and continued uninterrupted till 5 pm.

No untoward incident was reported from any part of the province, he added.

The ECP had set the date of August 28 for the by-polls in these districts but it was changed due to floods and heavy rains across the province.

The spokesman said the polling was held in the 28 wards of four union councils of Musakhail district, six wards of two union councils of Duki district, 22 wards of four union councils of Mastung district, and one ward of Loralai district's one union council.

In this regard, a total of 59 polling stations were established in all the constituencies, Naeem Ahmed said, adding 59 presiding officers, 147 assistant presiding officers and 147 polling officers were tasked to ensure peaceful conduct of the elections being contested by 223 candidates. APP

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. Dated: 29 SEP 2022 Page No.




کوئٹہ: وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو مہرگڑھ میوزیم کے افتتاح کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں




کوئٹہ: وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو مہرگڑھ میوزیم کے افتتاح کے موقع پر تختی کی نقاب کشائی کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ قدوس بزنجو مہرگڑھ میوزیم کے افتتاح کے موقع پر نوادرات کا معائنہ کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______ Dated: 29 SEP 2022 Page No.______



بین الاقوامی لیبر کنونشنز کی تعمیل کے حوالے سے وفاقی سیکرٹری اوورسیز ذوالفقار حیدر اور چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی میٹنگ کر رہے ہیں



چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی کو وائس چانسلر بلوچستان یونیورسٹی ڈاکٹر شفیق الرحمن شیلڈ پیش کر رہے ہیں



چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی بلوچستان یونیورسٹی میں گورننس پر لیکچر دے رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی بلوچستان یونیورسٹی میں گورننس پر لیکچر دے رہے ہیں



کوئٹہ، چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی جامعہ بلوچستان کے دورے پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمن کے ہمراہ جامعہ کے شعبہ فائن آرٹس سٹی کیمپس کے زیر اہتمام تصویری نمائش کا افتتاح کر رہے ہیں



چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی بلوچستان یونیورسٹی میں تصویری نمائش کے موقع پر طلباء و طالبات کی جانب سے بنائے گئے تصاویر دیکھ رہے ہیں

Century Express Quetta




چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی بلوچستان یونیورسٹی میں گورننس پر لیکچر دے رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 29 SEP 2022 Page No. ______



کوئٹہ: قائمقام گورنر میر جان محمد جمالی سے صوبائی محتسب نذر بلوچ اور ڈی جی بینظیر انکم سپورٹ پروگرام عبدالجبار ملاقات کر رہے ہیں



قائم مقام گورنر جان جمالی سے اقوام متحدہ کے پاکستان کیلئے ریذیڈنٹ کوآرڈینیٹر ملاقات کر رہے ہیں



صوبائی وزیر مبین خان سے پی ٹی آئی کے صوبائی ایڈیشنل سیکرٹری جنرل ملک نصیب اللہ بیٹنی ملاقات کر رہے ہیں